۳۔ محنت

متین طارق باغپتی

8NIWGF

پہلی بات : آج ہم اپنے آس پاس بڑی بڑی عالی شان عمارتیں، بند، کالج اور اسکولیں، ایئرپورٹ، پارک وغیرہ دیکھتے ہیں۔ یہ سب ایک دن میں نہیں بن گئے۔ دنیا بھر میں یہ ترقی لاکھوں کروڑوں انسانوں کی محنت کی وجہ سے ممکن ہو پائی ہے۔ انسان اگر محنت نہ کرتا تو شاید یہ دنیا سیکڑوں یا ہزاروں برس پیچھے ہوتی۔ اللہ کے رسولؐ نے بھی محنت کرنے کو پسند کیا ہے۔ اس نظم میں شاعر نے محنت کی وجہ سے انسانوں کی ترقی کا جائزہ لیا ہے۔

جان پہچان : متین طارق باغپتی کا اصل نام محمد متین صدیقی تھا۔ وہ ۲۱ ستمبر ۱۹۲۱ء کو باغپت میں پیدا ہوئے۔ ادیب کامل اور منشی فاضل کے امتحانات پاس کرنے کے بعد انھوں نے درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ نظم و نثر اور اسلامیات پر درجنوں کتابیں لکھیں۔ ان کتابوں پر انھیں کئی انعامات بھی ملے۔ ۱۳ دسمبر ۲۰۱۳ء کو بمقام باغپت ان کا انتقال ہوا۔

یہ بستی ، یہ بازار ، سڑکیں تمام — مشینوں کی بڑھتی ہوئی دھوم دھام
یہ موٹر ، یہ ریلیں ، یہ خبروں کے جال — کرشمے یہ بجلی کے دن کی مثال
یہ سرسبز کھیتی ، یہ سوداگری — یہ صنعت ، یہ حرفت ، یہ کاریگری
کتابوں کے انبار ، یہ علم و فن — یہ گل اور غنچے چمن در چمن
دہکتے مہکتے ہوئے لالہ زار — گلستاں کی یہ رونقیں پُر بہار
غرض جو بھی دنیا میں ہے سربسر — ہے انسان کی محنتوں کا ثمر

کریں گے اگر ہم بھی محنت سے کام
تو پائیں گے دنیا میں اعلیٰ مقام

خلاصہ : موجودہ زمانہ ترقیوں کا زمانہ ہے۔ بستیاں، بازار، مشینوں کی دھوم، موٹر، ریل اور خبروں کے جال یعنی اخبارات و رسائل اور انٹرنیٹ وغیرہ بجلی کے کرشمے ہیں۔ سرسبز کھیتیاں اور دن بدن بڑھنے والی تجارت، نئی نئی صنعتیں اور ایجادات، کثیر تعداد میں شائع ہونے والی کتابیں اور علم و فن کی ترقی، باغوں میں کھلنے والے پھول اور غنچے اور دہکتے مہکتے گلزار اور پُر بہار رونقیں، غرض دنیا میں یہ ساری چیزیں اور ترقیاں انسان کی محنتوں کا پھل ہیں۔ اگر ہم لوگ بھی اسی طرح محنت کریں گے تو دنیا میں اعلیٰ مقام پائیں گے۔

معانی واشارات

انبار – ڈھیر Heap

گلستاں – باغ Garden

سربسر – اس سرے سے اس سرے تک From this end to that end

ثمر – پھل، نتیجہ Fruit, result

مشقی سرگرمیاں

✧ نظم کی مدد سے ویب خاکہ مکمل کیجیے۔



✧ ۱) گل سے گلستان تو چمن سے ☐

۲) سوداگر سے سوداگری تو ☐ سے کاریگری

✧ نظم سے دو ہم صوتی الفاظ کی جوڑیاں لکھیے۔

✧ دائرے یا چوکون میں مناسب لفظ لکھیے۔



✧ 'بجلی کے کرشمے' تحریر کیجیے۔

✧ 'محنت کی عظمت' پر کم از کم دس سطروں کا مضمون لکھیے۔

✧ 'دنیا کی رونق انسان کی محنتوں کا ثمر ہے۔' اس خیال کی وضاحت کیجیے۔

✧ درج ذیل شعر کی روشنی میں 'محنت کی عظمت' پر کم از کم دس سطروں کا مضمون لکھیے۔

کریں گے اگر ہم بھی محنت سے کام
تو پائیں گے دنیا میں اعلیٰ مقام

✧ انسان کی محنت سے کاشتکاری، تجارت اور صنعت میں بہت ترقی ہوئی ہے۔ اس مفہوم کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

✧ گل اِس لفظ کو زیر، زبر یا پیش لگا کر نئے الفاظ بنائیے اور معنی کے ساتھ لکھیے۔

✧ صنعت، حرفت کے ہم صوتی الفاظ لکھیے جن کے معنی....

۱۔ خوش نویسی ۲۔ علاج ومعالجہ

۳۔ چھپائی

✧ جمع لکھیے۔

کتاب ☐ علم ☐

فن ☐ ثمر ☐

✧ 'جال' اس طرح کے سہ حرفی ہم صوت الفاظ لکھیے۔

تلمیح (Allusion)

روح الامیں کا بھی نہ گزر ہوسکا وہاں
انسان جس مقام پہ بے پال و پر گیا

روح الامین حضرت جبرئیل کا لقب ہے اور انسان سے مراد یہاں رسول اللہؐ ہیں۔ اس شعر میں معراج کی رات کے واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

شاعر جب اپنے کلام میں کسی تاریخی واقعے، فرضی حکایت یا مذہبی قصے کی طرف اشارہ کرتا ہے، شعر میں واقعے کے ایسے استعمال کو 'تلمیح' (allusion) کہا جاتا ہے۔

✧ حمد میں تلمیح کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔